مطبوعات

ماہنامہ "سیارہ" اشاعتِ خاص مدیر جناب ابو السلام نعیم صدیقی۔ شائع کردہ: دفتر سیارہ ۶-بی، ذیلدار پارک، اچھرہ۔ لاہور۔ قیمت سوا دو روپے۔ صفحات ۲۳۸

یہ مجلہ حلقہ ادبِ اسلامی کے نامور ادیب اور شاعر جناب نعیم صدیقی کے اونچے اور ستھرے ادبی ذوق کی جیتی جاگتی تصویر ہے۔ اس مجلہ نے مختصر سی مدت میں جو قابلِ قدر ترقی کی ہے اس کا اندازہ وہی لوگ کر سکتے ہیں جن کی نظر سے یہ برابر گزرتا رہا ہے۔

زیرِ تبصرہ شمارہ اس کی اشاعت خاص ہے۔ اس میں اس کے فاضل مدیر نے شعر و ادب کی جو محفل سجائی ہے اُس میں قریب قریب وہ تمام شخصیتیں شریک ہیں جنہیں فکری، اور ادبی میدان میں شہرت اور ناموری حاصل ہے۔

"میرا مطالعہ" کے تحت پاک و ہند کے مشہور اہلِ علم اور اہلِ دانش نے اپنے جو تاثرات اور تجربات بیان فرمائے ہیں وہ نہ صرف فکر انگیز ہیں بلکہ مطالعہ کے شائقین، اُن سے عملی رہنمائی بھی حاصل کر سکتے ہیں۔ معیار طباعت اونچا ہے۔ البتہ بعض مقامات پر کتابت کی غلطیاں نظر سے گزریں۔

قرآن ازم، جلد اوّل، حصہ مکی
قرآن ازم جلد اوّل۔ حصہ مدنی
تالیف: جناب غلام احمد صاحب۔ شائع کردہ دار الاشاعت قرآن ازم ۲۲-۱-۸۶۷ سلطان پورہ حیدر آباد نمبر ۲ قیمت حصہ مکی۔ چھ روپے۔ حصہ مدنی دس روپے۔

قرآن مجید کی سنتِ نبوی، اُس کے اپنے پس منظر اور اس کی لغت سے یکسر بے نیاز ہو کر